سوال

(306) امام دوسری رکعت کے بعد بیٹھنا بھول گیا تو تیسری رکعت پڑھ کر تشہد بیٹھے یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

پش امام دوسری رکعت کے بعد بیٹھنا بھول گیا تو تیسری رکعت پڑھ کر تشہد بیٹھے یا نہیں؟ یا چوتھی رکعت پوری کر کے تشہد پڑھے اور سجدہ سہو کا کرے کے سلام پھیرے؟ مقتدی نے تیسری رکعت میں لقمہ دیا تب بھی امام نہیں بیٹھا اور چوتھی رکعت ختم کر کے سلام کے بعد کہا کہ تیسری رکعت میں بیٹھنا کچھ ضروری نہیں ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

امام جب چار رکعت والی نماز میں دوسری رکعت کے بعد بیٹھنا بھول جائے تو تیسری رکعت کے بعد نہ بیٹھے کیونکہ یہ قعدہ کا محل نہیں ہے۔ چوتھی رکعت پوری کر کے تشہد اور درود ودعا پڑھ کر دو سجدہ سہو کر کے سلام پھیر دے۔ مقتدیوں کا تیسری رکعت میں امام کو قعدہ کرنے کے لیے لقمہ دینا درست نہیں ہے۔ قعدہ اولیٰ واجب ہے، بھول جانے کی صورت میں سجدہ سہو سے اس کی تلافی ہو جاتی ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی نماز میں قعدہ اولیٰ بھول گئے تو تیسری رکعت کے بعد قعدہ نہیں کیا بلکہ چوتھی رکعت پوری کر کے دو سجدہ سہو ادا فرما کر سلام کیا۔ (بخاری مسلم وغیرہ) (محدث دہلی جلد نمبر ۸ شمارہ نمبر ۳)

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1 ص 239-240